حکومت سعودی عرب اور عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے
جامعہ علوم اُثریہ کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی

مورخہ 5 جون بروز اتوار جامعہ علوم اُثریہ کے زیر اہتمام امیر محترم جناب سینئر پروفیسر ساجد میر اور رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی قیادت میں سعودی عرب کے حمایت میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی اس موقع پر دریائے جہلم کے پل پر پروفیسر ساجد میر اور دیگر قائدین کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں موٹر سائیکلوں کے جلوس کی شکل میں جامعہ علوم اُثریہ پہنچایا گیا۔ جہاں ان کا استقبال رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق اور انجمن اہل حدیث کے صدر راجہ انار گل ایڈووکیٹ اور جامعہ کے اساتذہ و طلباء کے علاوہ دیگر لوگوں نے کیا بعد ازاں موٹر سائیکلوں، کاروں کی عظیم الشان ریلی جامعہ علوم اُثریہ سے شروع ہوکر نیا محلہ روڈ، سول لائن، چوک اہل حدیث، مین بازار، راجہ بازار اور شاندار چوک سے ہوتی ہوئی اکرم شہید پارک تک پہنچی جہاں ریلی نے ایک عظیم الشان جلسے کی شکل اختیار کر لی احتجاجی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ یہودی لابی پاک سعودی تعلقات کو خراب کرنا چاہتے ہیں تاکہ عالم اسلام کو نقصان پہنچانے کیلئے یہود وہنود کے ایجنڈے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جاسکے مگر دشمنان اسلام اور پاکستان کان کھول کر سن لیں ان کے مذموم ناپاک عزائم کو ناکام بنادیا جائے گا سعودی عرب کی طرف اٹھنے والی ہر میلی آنکھ کو پھوڑ دیا جائے اور پاکستان اور عالم اسلام کی پہلی ایٹمی قوت کی طرف ہر بڑھنے والے ہاتھ کو توڑ دیا جائے گا رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب پاکستان محسن ملک ہے ہم اسے کسی صورت اکیلا نہیں چھوڑیں گے امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب حافظ عبدالستار حامد نے خطاب کرتے ہوئے کہ کہ سعودی عرب میں حرمین شریفین ایمانی جذباتی عقیدت محبت ہے سب پاکستانیوں کے دل عالم اسلام کے قائد خادم حرمین شریفین شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز کے ساتھ ہیں۔ ریلی سے سید الطاف الرحمٰن شاہ (گجرات)، مولانا عکاشہ مدنی، صدر انجمن راجہ انار گل ایڈووکیٹ، سیکرٹری انجمن شیخ محمد اسحاق نے بھی خطاب کیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ ریلی کی کامیابی میں جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ کے علاوہ انجمن اہل حدیث اور اہل حدیث یوتھ فورس کے کارکنوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث پنڈ دادنخان سے جناب محمد طارق بھیلووال اور جناب شہباز احمد نے ایک بڑے قافلے کی قیادت کرتے ہوئے ریلی میں شرکت کی۔